خیبرپختونخوا نے بلوچستان کو ایک اننگز اور 122 رنز سے شکست دے دی

لاہور،20نومبر2019ء:

قائداعظم ٹرافی فرسٹ الیون ٹورنامنٹ کے آٹھویں راؤنڈ میں خیبرپختونخوا نے بلوچستان کو ایک اننگز اور 122 رنز کے بھاری مارجن سے شکست دے دی ہے۔یو بی ایل اسپورٹس کمپلیکس کراچی میں کھیلے گئے میچ میں پہلی اننگز میں فالو آن کا شکار بلوچستان کی ٹیم دوسری اننگز میں بھی 117 رنز پر ڈھیر ہوگئی۔ بلوچستان کے سات کھلاڑی ڈبل فگر میں داخل نہ ہوسکے۔ خیبرپختونخوا کے اسپنر ساجد خان نے دوسری اننگز میں 4 شکار کیے۔

پہلی اننگز میں فالو آن کا شکار بلوچستان کی ٹیم نے میچ کے تیسرے روز اپنی دوسری اننگز کا آغاز کیا توفاسٹ باؤلرز جنید خان اور عثمان شنواری نےعمدہ باؤلنگ کا مظاہرہ کرتے ہوئے محض 48 رنز پر بلوچستان کی آدھی ٹیم کو پویلین واپس بھیج دیا۔ بلوچستان کے بلے باز آف سپنر ساجد خان کی گھومتی گیندوں کا مقابلہ بھی نہ کرسکے اور پوری ٹیم36اوورز میں117 رنزبناکر آوٹ ہوگئی۔ بلوچستان کے وکٹ کیپر بیٹسمین بسم اللہ خان 40 رنز بناکر ٹاپ اسکورر رہے۔آف اسپنر ساجد خان نےدوسری اننگز میں 45 رنز کے عوض 4 کھلاڑیوں کو پویلین کی راہ دکھائی۔ فاسٹ باؤلرز جنید خان اور عثمان شنواری نے میچ میں 5،5 وکٹیں حاصل کیں۔

اس سے قبل پہلی اننگز میں خیبرپختونخوا کے385 رنز کے جواب میں بلوچستان کی پوری ٹیم146 رنز بنا کر آوٹ ہوگئی تھی۔ فاسٹ باؤلر جنید خان نے 4 اور عثمان شنواری نے 3 وکٹیں حاصل کی تھیں۔ پہلی اننگز میں بھی بلوچستان کے 5 کھلاڑی ڈبل فگر میں داخل نہیں ہوسکے تھے۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad

Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk